سوال

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہر کام سنت ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کتاب تو ایک متعین کتاب ہے۔ یعنی قرآن مجید لیکن سنت کی اصطلاح جس قدر مقدس ہے اتنا ہی اس کا مفہوم غیر متعین ہے۔ بعض حضرات کے نزدیک ہر حدیث سنت ہے۔ لیکن دوسروں کے نزدیک سنت سے مراد سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ اعمال ہیں۔ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے التزاماً سر انجام دیے تھے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث وسنت کا مفہوم مقتدمین کے ہاں ایک ہی ہے کہ ہر ایک کا دوسرے پر اطلاق ہے لیکن بعد میں متجددین کا سوء فہم ہے کہ دونوں میں فرق ہے۔ جب کہ واقعات سے اس نظریہ کی تائید نہیں ہوتی۔ اصول فقہ کی کتابوں کی طرف مراجعت فرمائیں۔ بات کھل کر سامنے آجائے گی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص294

محدث فتویٰ